کم ہونے سے عام آدمی کو ریلیف ملے گا۔ آئی ایم ایف، ایشین ڈویلپمنٹ بنک سمیت بڑے عالمی مالیاتی ادارے بھی پاکستان کی معاشی پالیسیوں کے معترف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی پالیسیوں کی بدولت سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ ہورہا ہے۔ تاریخ میں پہلی بار اسٹاک ایکسچینج 100 انڈیکس 70 ہزار کی نفسیاتی حد عبور کرگیا ہے۔ ملک افضل کھوکھر نے کہا کہ پاکستانیوں کیلئے بڑی خوشخبریاں منتظر ہیں۔ آئندہ سال ان شاء اللہ مہنگائی کی شرح کم ہوکر 12.2 فیصد ہونے کا امکان ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلی بار 20 کلوگرام آٹے کی قیمت میں 500 روپے کی کمی ہوئی۔ آٹے کے قیمت میں مارکیٹ انڈیکیٹرز کے مطابق مزید 300 روپے کی متوقع ہے۔ اکنامک اینڈ سوشل سروے آف ایشیا اینڈ پیسفک ریجن نے پاکستان کے معاشی اشاریوں کو بہترین قرار دیا ہے۔ اقوام متحدہ رپورٹ میں آئندہ مالی سال میں پاکستان کی اقتصادی ترقی تیزی سے آگے بڑھنے کی پیشگوئی کی ہے۔ پاکستان میں رواں اور آئندہ سال کے دوران ترقی کی شرح 2 فیصد سے 2.3 فیصد تک بڑھے گی۔

گمشدگی پاسپورٹ

میرا اصل پاسپورٹ جس کا نمبر HL1841451 جو کہ مجھ سے دوران سفر کچہری چوک حدود تھانہ سٹی میں گر کر گم ہوگیا ہے۔ جس کسی کو بھی ملے اس پتہ پر اطلاع دیں ڈاکخانہ شیر گڑھ چک نمبر 29/D تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ۔

المشتہر: محمد اشرف ولد محمد امیر۔

بعدالت جناب شاہد علی نائب تحصیلدار صاحب ڈسکہ

انتقال نمبر 3808 وراثت موضع بڈھا گورائیہ کے تحت سائل کا والد محمد امین ولد رحمت خاں کا فوت ہونا مورخہ درج 04/12/2022 ہوا ہے اوراس کے قانونی و شرعی وارثان میں بشریٰ بیگم بیوہ بلال امین، محسن امین، عثمان امین پسران سدرہ امین دختر بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان میں سے یا ان کے علاوہ کوئی علم رکھتا ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر اندر تک حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کردیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہر و دستخط سے جاری ہوا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ڈسکہ

انتقال نمبر 6030 وراثت موضع سرانوالی کے تحت متوفی محمد زاہد اقبال کا فوت ہونا مورخہ درج ہوا ہے اوراس کے قانونی و شرعی وارثان میں محمد شاہد اقبال، محمد عثمان، علی رضا پسران سدرہ بی بی، سائرہ دختران بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان میں سے یا ان کے علاوہ کوئی علم رکھتا ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر اندر تک حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کردیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہر و دستخط سے جاری ہوا

بعدالت جناب میڈم اقراء رحمان صاحبہ سول جج پتوکی ضلع قصور۔

دعویٰ استقرار حق وغیرہ عنوان مقدمہ محبوب سرور بنام چیرمین واپڈا وغیرہ اخبار اشتہار بنام چیرمین واپڈا لاہور۔ XEN واپڈا لیسکو ڈویژن پھول نگر۔ SDO واپڈا سب ڈویژن حلہ۔ RO واپڈا لیسکو ڈویژن پھول نگر۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ 20-04-2024 بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجواب دہی کرے بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدست ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب میڈم اقراء رحمان صاحبہ سول جج پتوکی ضلع قصور۔

دعویٰ استقرار حق وغیرہ عنوان مقدمہ عبدالرحمن بنام چیرمین واپڈا وغیرہ اخبار اشتہار بنام چیرمین واپڈا لاہور۔ XEN واپڈا لیسکو ڈویژن پھول نگر۔ SDO واپڈا سب ڈویژن حلہ۔ RO واپڈا لیسکو ڈویژن پھول نگر۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ 20-04-2024 بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجواب دہی کرے بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدست ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 47

نشانات نے قتل کا پول کھول دیا۔ پولیس نے مقتولہ کی نعش کو پوسٹمارٹم کے بعد ورثا کے سپرد کر دیا اور قاتل شوہر کو گرفتار کر کے آلہ قتل برآمد کرلیا جس سے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 48

ملاقات کی اور کہا ہم کشیدگی نہیں چاہتے لیکن ہم اسرائیل کا دفاع اور خطے میں اپنے اہلکاروں کی حفاظت جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا امریکہ مشرق وسطیٰ میں ایران اور اسرائیل کے درمیان کشیدگی میں اضافے کو روکنے کے لیے سفارتی کوششیں کر رہا ہے۔ ایران اور اسرائیل کے درمیان صورت حال پر تبصرہ کرتے ہوئے بلنکن نے کہا کہ گزشتہ 36 گھنٹوں میں ہم نے اپنے سفارتی ردعمل کو اس کوشش میں مربوط کیا ہے کہ طاقت اور حکمت ایک ہی سکے کے دومختلف رخ بنے رہیں۔ بلنکن نے مزید کہا: میں خطے میں اپنے ساتھیوں کے ساتھ قریبی رابطے میں ہوں۔ اور ہم آنے والے گھنٹوں اور دنوں میں ایسا کرتے رہیں گے۔ عراق کے نائب وزیر اعظم محمد علی تمیم نے بلنکن کے ساتھ اپنی ملاقات کے دوران کہا کہ عراق ایران اور اسرائیل کے درمیان کشیدگی میں اضافے کے درمیان تمام فریقوں سے تحمل کا مظاہرہ کرنے کا مطالبہ کرتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 49

کی مد میں چارج کئے گئے ہیں جن کی مالیت 42 لاکھ 86 ہزار 479 روپے بنتی ہے۔ شاہدرہ کے علاقے میں کنکشن کو 1 لاکھ 84 ہزار روپے، جوہر ٹاؤن کے علاقے میں کنکشن کو 1 لاکھ 50 ہزار، گڑھی شاہو کے علاقے میں ایک ملزم کو 1 لاکھ 30 ہزار روپے اور شاہدرہ میں ہی ایک اور ملزم کو 1 لاکھ 10 ہزار روپے کی رقم چارج کی گئی۔ ترجمان کے مطابق انسداد بجلی چوری مہم کو 211 روز مکمل ہوگئے اس دوران کل 72 ہزار 707 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے، 69 ہزار 745 ملزمان کے خلاف مقدمات درج کروا کر 29 ہزار 377 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ بجلی چوروں کو اب تک 8 کروڑ 84 لاکھ 35 ہزار 134 یونٹس چارج کئے گئے جن کی مالیت 3 ارب 31 کروڑ 99 لاکھ 79 ہزار 715 روپے بنتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 50

سائز اور قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے اضافہ ہوا ہے اور تاریخ میں پہلی بار شپمنٹ 5 ملین ٹن سے تجاوز کرنے کی توقع ہے۔ اور امریکی محکمہ زراعت کی تازہ ترین رپورٹ کی بنیاد پر رواں مالی سال میں پاکستان کی چاول کی برآمدات ریکارڈ 5.5 ملین ٹن تک پہنچنے کی توقع ہے جو گزشتہ سال کے 3.76 ملین ٹن کے مقابلے میں 46.3 فیصد کا نمایاں اضافہ ہے

بقیہ بقیہ جات 51

خواتین خواتین شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈرائیونگ سکولز کے دائرہ کار کو صوبہ بھر میں مزید بڑھایا جارہا ہے، ڈرائیونگ سکول کے قیام کا مقصد حادثات میں کمی لانا ہے، ڈرائیونگ سکول سے تربیت یافتہ افراد ٹریفک قوانین کے کے مطابق ڈرائیونگ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانس جینڈرز کو ڈرائیونگ سکول میں مفت ڈرائیونگ تربیت دی جارہی ہے، رواں سال 116 ٹرانس جینڈرز ڈرائیونگ تربیت حاصل کر چکے ہیں

اطلاع عام

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ میرا پلاٹ برقبہ or 9.952239.786SFT واقع پنجاب گورنمنٹ سرونٹ ہاؤسنگ سکیم اڈیالہ روڈ راولپنڈی کی فائل نمبری PGSHG/RW/PLOT/2023/2439/RWP جو کہ دوران سفر چونگی نمبر 5 بورے والا بحدود تھانہ ماڈل ٹاؤن بورے والا میں کہیں گر کر گم ہو گئی ہیں ملنے پر اطلاع دیں المشتہر محسن اکرم بھلر ولد محمد اکرم بھلر ذات بھلر سکنہ چک نمبر 507 ای بی تحصیل بورے والا ضلع وہاڑی

بعدالت جناب عمران محمد خاں صاحب سول جج صاحب سمندری ضلع فیصل آباد

درخواست علیحدگی۔

بعنوان: خوشنود بنام نوید مسیح۔ اشتہار بنام نوید مسیح ولد مشتاق مسیح قوم عیسائی ساکن چک نمبر 382 ج-ب جلال پور ننگل ڈاکخانہ خاص تحصیل و ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ۔

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مسئول علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ بتقرر 07-05-2024 بوقت 8 بجے صبح عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوکر اپنا عذر پیش کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب میاں عثمان طارق صاحب سول جج / گارڈین جج صاحب پتوکی ضلع قصور۔

درخواست بمراد اجازت دینے فروخت کرنے پلاٹ عنوان ساجدہ ارشد زوجہ ارشد دختر محمد دین قوم راجپوت سکنہ کھڈیاں چک نمبر 41 تحصیل پتوکی ضلع قصور بنام عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مورخہ 19-04-2024 بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجواب دہی کرے بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدست ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب شوکت عباس رانجھا صاحب جج فیملی کورٹ پتوکی ضلع قصور۔

دعویٰ تنسیخ نکاح عنوان مقدمہ ثناء بنام علی زین اخبار اشتہار بنام علی زین ولد ذوالفقار قوم ملک ساکن کوٹ عبدالمالک تحصیل وضلع شیخوپورہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مورخہ 24-04-2024 بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجواب دہی کرے بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدست ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب قیصر حسین مرل سول/گارڈین جج ڈسکہ

دعویٰ استقرار حق معہ حکم امتناعی دوامی اجمل عرفان بنام ریحان اللہ وغیرہ محمد سرور ولد محمد حسین قوم جٹ چیمہ ساکن صابر سرائے تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائلہ/سائل نے دعویٰ استقرار حق دائر کیا ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقرر 18/04/2024 پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

آرٹس کونسل الحمراء کے بورڈ آف گورنرز کا 73 واں اجلاس

بجٹ، ترقیاتی سکیموں کی منظوری، ادب وثقافت کے فروغ کے لئے کمیٹیاں تشکیل

لاہور (این این آئی) لاہور آرٹس کونسل الحمراء کے بورڈ آف گورنرز کا 73 واں اجلاس ہوا۔ چیئرمین بورڈ آف گورنرز لاہور آرٹس کونسل الحمراء رضی احمد نے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں بجٹ اور ترقیاتی سکیموں کی منظوری کے ساتھ ساتھ ادب وثقافت کے فروغ کے لئے کمیٹیاں تشکیل دے دی گئیں۔ چیئرمین بورڈ آف گورنرز رضی احمد نے اس موقع پر کہا کہ بورڈ ممبران کا ویژن اور آراء ادبی وثقافتی ترقی کے لئے بے حد حوصلہ افزائی کا موجب ہے، اجلاس میں موجود ممبران کی ذاتی دلچسپی، عملی تعاون اور محققانہ صلاحیتوں سے بھرپور استفادہ کیا جائے گا، اجلاس میں نئے سلسلے فرینڈ آف الحمراء کی بھی منظوری دی گئی جس کے تحت تہذیبی و تمدنی ترقی کے نئے دروازے کھلے گے۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء طارق (بقیہ نمبر 61)

شادی کی کم از کم عمر 18 سال مقرر، عدالتی فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہیں، ثمن رائے

شادی سے پہلے بچیوں کو خاندانی، معاشرتی معاملات سے آگاہی ہونا بے حد ضروری ہے

لاہور (این این آئی) چیف ایگزیکٹو آفیسر پی پی آئی ایف وڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ثمن رائے نے کہا ہے کہ پنجاب میں باہمی مشاورت سے کم عمری کی شادی کے خاتمے کے لیے ایک مشترکہ لائحہ عمل بھی ترتیب دیا گیا ہے، کم عمری کی شادی بچوں کو بنیادی انسانی حقوق جن میں تعلیم اور صحت کے حق سر فہرست ہے سے محروم کر دیتی ہے، کم عمری کی شادی ہماری معاشی اور سماجی ترقی کی راہ میں بہت بڑی رکاوٹ ہے، عدالت عالیہ نے چائلڈ میرج ایکٹ 1929ء میں لڑکے اور لڑکی کی عمر میں فرق کو کالعدم قرار دے دیا ہے، اس حوالہ سے عدالتی حکم کے مطابق لڑکے اور لڑکی کی کم از کم شادی کی عمر 18 سال قرار (بقیہ نمبر 60)

لاہور، چیئرمین پاکستان ریسلنگ ندیم پہلوان سے ورلڈ ریکارڈ ہولڈر ویٹ لفٹرز کا ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

بھارتی سکھ یاتریوں کا پہلا قافلہ بذریعہ ٹرین ننکانہ صاحب پہنچ گیا

پاکستان گورنمنٹ کی طرف سے استقبال اور جو پیار ملا عزت کبھی نہیں بھولیں گے، بھارتی سکھ یاتری

ننکانہ صاحب (این این آئی) ننکانہ صاحب بیساکھی میلہ کی تقریبات میں شرکت کے لیے 857 بھارتی سکھ یاتریوں کا پہلا قافلہ گزشتہ روز بذریعہ ٹرین ننکانہ صاحب پہنچا جہاں سے سخت سیکورٹی میں خصوصی بسوں کے ذریعے بابا گورونانک کی جائے پیدائش گوردوارہ جنم استھان پہنچنے پر ضلعی انتظامیہ نے سکھ یاتریوں کو پھولوں کے ہار پہنا کر استقبال کیا۔ ننکانہ صاحب بیساکھی تہوار میں شرکت کے 857 بھارتی سکھ یاتری بذریعہ ٹرین ننکانہ پہنچے جہاں سے وہ خصوصی بسوں کے ذریعے سخت سیکورٹی میں بابا گورونانک کی جائے پیدائش گوردوارہ جنم استھان پہنچے تو ضلعی انتظامیہ متروکہ وقف املاک بورڈ نے مہمان بھارتی سکھ یاتریوں کا پھولوں کے ہار پہنا کر پرتپاک استقبال کیا اس موقع پر سکھ (بقیہ نمبر 56)

حکومت صنعتکاروں اور صنعتوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر سنے، میاں صفدر

صنعت وتجارت کے مسائل سے حکومت کی کج روی انتہائی افسوسناک ہے، سی او کارپرگٹ کیبلز

لاہور (سٹی رپورٹر) چیف ایگزیکٹو کارپرگٹ کیبلز اینڈ وائرز میاں صفدر حسین نے کہا ہے صنعت وتجارت کے مسائل سے حکومت کی کج روی انتہائی افسوسناک ہے۔ مشکل ترین کاروباری وصنعتی صورتحال میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے ٹیکسوں کی بھرمار امتیازی سلوک پر شنوائی کے منتظر ہیں۔ حکومت صنعتکاروں اور صنعتوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر سنے اور ان کا حل نکالے۔ مشاورت (بقیہ نمبر 55)

پٹرولیم قیمتوں میں اضافہ صنعتی وکاروباری حلقوں پر شدید ظلم ہے، فدا حسین

بزنس کمیونٹی کو درپیش مسائل کے خاتمے کیلئے حکومت کو ہنگامی بنیادوں پر پیش رفت کرنی چاہئے

لاہور (سٹی رپورٹر) پاک چائنہ بزنس کمیونٹی کے چیئرمین حاجی فدا حسین نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ صنعتی وکاروباری حلقوں پر شدید ظلم ہے۔ بزنس کمیونٹی کو درپیش مسائل کے خاتمے کیلئے حکومت کو ہنگامی بنیادوں پر پیش رفت کرنی چاہئے۔ مہنگائی کی بھرمار اور بحران زدہ حالات سے اس وقت ملک میں جاری صورتحال پریشان کن ہے۔ ملکی معیشت اور کاروباری امور براہ راست (بقیہ نمبر 50)

ہیلتھ انشورنس پروگرام کو عام عوام کیلئے سود مند بنائیں گے، وزیر صحت

سی ای او اسٹیٹ لائف انشورنس کمپنی کی ملاقات، مزید بہتری لانے کیلئے تجاویز پر تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سے محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں سی ای او اسٹیٹ لائف انشورنس کمپنی شعیب جاوید حسین نے ملاقات کی۔ اس موقع پر سیکرٹری صحت پنجاب علی جان خان، سی ای او پنجاب ہیلتھ انشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی ڈاکٹر علی رزاق، سی او او شمشاد علی خان، سی ایف او بلال بٹ، ڈائریکٹر پروکیورمنٹ محمد منیب اور ڈویژنل ہیڈ سلک (بقیہ نمبر 53)

ڈرائیونگ سکول کے دائرہ کار کو بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، مرزا فاران

ایک سال کے دوران پنجاب بھر میں 90 ڈرائیونگ سکولز بنائے گئے، ایڈیشنل آئی جی ٹریفک

لاہور (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ نے کہا ہے کہ صوبہ بھر ڈرائیونگ سکول کے دائرہ کار کو مزید بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ مرزا فاران بیگ نے کہا کہ صوبہ بھر میں ڈرائیونگ سکول کی تعداد کو بڑھا کر 116 کر دیا گیا ہے جبکہ 2023 کے آغاز میں ڈرائیونگ سکولوں کی تعداد صرف 26 تھی، ایک سال کے دوران پنجاب بھر میں 90 ڈرائیونگ سکولز بنائے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رواں سال ڈرائیونگ سکولز سے 13765 شہریوں نے ڈرائیونگ تربیت حاصل کی، ڈرائیونگ تربیت حاصل کرنے والوں میں 6163 مرد جبکہ 7345 (بقیہ نمبر 51)

چاول کی برآمدات 5.5 ملین ٹن کی ریکارڈ سطح پر پہنچ جائیں گی

پاکستان رواں سال کے دوران تقریباً 90 لاکھ میٹرک ٹن چاول پیدا کرے گا

مزید اجناس برآمد کرنے میں مدد ملے گی، رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان

اسلام آباد (این این آئی) رواں مالی سال میں پاکستان کی چاول کی برآمدات تاریخ میں پہلی 5.5 ملین ٹن تک پہنچ جائیں گی، پاکستان رواں سال کے دوران تقریباً 90 لاکھ میٹرک ٹن چاول پیدا کرے گا، اس سے مزید اجناس برآمد کرنے میں مدد ملے گی۔ گوادر پرو کے مطابق رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے چیئرمین چیلا کیولانی نے کہا کہ قدر کے لحاظ سے مالی سال کے سات ماہ میں چاول کی برآمدات پہلے ہی اس حد تک پہنچ چکی ہیں جو ملک نے گزشتہ مالی سال میں حاصل کی تھیں۔ گوادر پرو کے مطابق کیولانی نے کہا کہ پاکستان کی چاول کی برآمدات میں فصل کے اچھے (بقیہ نمبر 50)

لاہور، ترکھان مشین پر لکڑی کی فلیٹس کاٹ رہا ہے

فوڈ سیفٹی ٹیموں کی ناکہ بندیاں، دودھ اور گوشت بردار گاڑیوں کی چیکنگ

705 کلو بیمار کم وزن مرغیاں، 5210 لیٹر ملاوٹی دودھ، بھاری مقدار میں ایکسپائر اشیا تلف

لاہور (این این آئی) فوڈ سیفٹی ٹیموں نے علی الصبح اور رات گئے تک ناکہ بندیاں، دودھ اور گوشت بردار گاڑیوں کی چیکنگ کی، لاہور زون میں 1310 فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ، متعدد کو 15 لاکھ 20 ہزار کے جرمانے عائد، 5 یونٹس کی پروڈکشن بند، 3 مقدمات درج کیے گئے جبکہ 705 کلو بیمار کم وزن مرغیاں، 5210 لیٹر ملاوٹی دودھ اور بھاری مقدار میں ایکسپائر اشیا تلف کر دی گئیں۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے بتایا کہ پنجاب پیور فوڈ ایس او پیز کی سنگین خلاف ورزیوں پر کارروائیاں عمل میں لائی گئیں

راولپنڈی، 12 سالہ بچی سے زیادتی کرنے والا سوتیلا باپ گرفتار

سوتیلے باپ نے بچی کو ڈرا دھمکا کر کافی عرصہ سے اس کے ساتھ ناجائز تعلقات قائم کر رکھے تھے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 12 سالہ بچی سے زیادتی کرنے والے سوتیلے باپ کو گرفتار کر لیا۔ سوتیلے باپ نے 12 سالہ بچی کو ڈرا دھمکا کر کافی عرصہ سے اس کے ساتھ ناجائز تعلقات قائم رکھے تھے۔ روات پولیس نے متاثرہ بچی کی والدہ کی درخواست پر فوری مقدمہ درج کر کے ملزم خلیل کو گرفتار کر لیا اور متاثرہ بچی کا میڈیکل بھی کروا لیا گیا ہے، لڑکی کی والدہ نازیہ نے واقعے کی ایف آئی آر میں موقف اپنایا کہ میری پہلی شادی مردان کے رہائشی عبدالواحد کے ساتھ ہوئی جس سے میری 12 سال کی بیٹی ہے لیکن عبدالواحد سے طلاق کے بعد میں نے 2012 میں چوہدری خلیل سے شادی کر لی تھی

ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی کے زیر صدارت ممکنہ سیلاب کی صورتحال سے نمٹنے کیلئے جائزہ اجلاس

قصور (بیورو چیف شفاقت علی چوہدری) ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی کے زیر صدارت ممکنہ سیلاب کی ممکنہ صورتحال سے نمٹنے کیلئے جائزہ اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو رانا موسیٰ طاہر، محکمہ لائیو سٹاک، اریگیشن، ایجوکیشن، زراعت، سوئی گیس، واپڈا، ہائی وے، بلڈنگ، لوکل گورنمنٹ، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اور دیگر محکمہ جات کے افسران نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے ضلع کو ممکنہ سیلاب سے محفوظ کرنے کیلئے تمام حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ وہ دریائے ستلج میں سیلاب کی صورتحال سے نمٹنے کیلئے اپنی تمام تر تیاریاں مکمل کریں اور جلد از جلد اپنا اپنا پلان جمع کروائیں۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ وہ تمام بندوں، کینال اور ڈرینج کی انسپکشن کر کے فٹنس سرٹیفکیٹس دیں۔ انہوں نے ریسکیو 1122 اور دیگر متعلقہ محکموں کو اپنی اپنی مشینری کو چالو حالت میں کرنے اور دیگر انتظامات مکمل کرنے کی ہدایت کی۔

چشتیاں پنجاب پولٹری ٹریڈرز ایسوسی ایشن کی اپیل پر چشتیاں اور نواحی علاقوں میں پولٹری ایسوسی ایشن چشتیاں اور برائلر چکن فروخت کرنے والے دکانداروں نے احتجاجی شٹر ڈاؤن

چشتیاں پنجاب پولٹری ٹریڈرز ایسوسی ایشن کی اپیل پر چشتیاں اور نواحی علاقوں میں پولٹری ایسوسی ایشن چشتیاں اور برائلر چکن فروخت کرنے والے دکانداروں نے احتجاجی شٹر ڈاؤن ہڑتال کی اور اپنا کاروبار بند رکھا جبکہ برائلر چکن خریدنے والے گاہکوں کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑا۔ پولٹری ایسوسی ایشن چشتیاں کے صدر محمد احمد رحمانی نے میڈیا کو بتایا کہ حکومت اور پولٹری ٹریڈرز ایسوسی ایشن پنجاب کے درمیان رمضان المبارک میں معاہدہ ہوا تھا کہ 26 رمضان تک سبسڈی کے ساتھ چکن فروخت کیا جائے گا لیکن اگلے دن حکومت نے معاہدہ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے پولٹری چکن کے انتہائی کم ریٹس نکال دئے اور کہا کہ 510 روپے میں خریدہ گیا چکن گوشت 50 روپے کم پر فروخت کریں چنانچہ برائلر چکن کے دکانداروں نے اس فیصلہ کے خلاف ہڑتال کر دی ہے جو مطالبات کے تسلیم ہونے تک جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت چکن گوشت کے ریٹس کم کرنے میں مخلص ہے تو چوزے کی سمگلنگ بند کرائی جائے، چوزے اور فیڈ کے ریٹس کم کئے جائیں اور ڈیزل کے ریٹس کم کئے جائیں۔ انہوں نے حکومت سے اپنے مطالبہ میں کہا کہ حکومت اپنے فیصلہ پر نظر ثانی کرتے ہوئے پولٹری ٹریڈرز ایسوسی ایشن پنجاب کے جائز مطالبات کو تسلیم کرے۔

ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج بااختیار کورٹ برائے جرائم برخلاف جینڈر بیسڈ قصور چوہدری فرخ حسین نے تھانہ راجہ جنگ کے علاقہ جوئیکی میں کمسن بچے عمیر کو ورغلا پھسلا کر زیادتی کا نشانہ بنانے کی کوشش

قصور (بیورو چیف شفاقت علی چوہدری) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج بااختیار کورٹ برائے جرائم برخلاف جینڈر بیسڈ قصور چوہدری فرخ حسین نے تھانہ راجہ جنگ کے علاقہ جوئیکی میں کمسن بچے عمیر کو ورغلا پھسلا کر زیادتی کا نشانہ بنانے کی کوشش کرنیوالے ملزم سیف اللہ کو جرم ثابت ہونے پر پانچ سال سزائے قید بامشقت اور پچاس ہزار روپے جرمانہ اور مبلغ پچاس ہزار روپے ہرجانہ جو کہ متاثرہ بچے کے ورثاء کو ادا کرنے کی سزا کا حکم سنایا۔ عدم ادائیگی پر ملزم کو مزید چھ ماہ سزائے کاٹنا ہو گی استغاثہ کے مطابق تھانہ راجہ جنگ کے علاقہ جوئیکی میں سال 2020 کرونا کے دنوں میں اسی گاؤں کے رہائشی کمسن بچے عمیر جسکی عمر پانچ سال ھے زبردستی زیادتی کا نشانہ بنانے کی متاثرہ جو متاثرہ نے شور مچا کر ناکام بنا دی موقع کے شواہد شہادتیں وثبوت مجرم کے خلاف درست ثابت ہوئے۔ سرکار کی طرف سے کیس کی پیروی ڈپٹی ڈسٹرکٹ پراسیکیوٹر میاں محمد عمران نے اور معاونت حاجی محمد مشتاق نائب کورٹ نے کی وکیل سرکار نے اپنے دلائل میں فاضل عدالت کو بتایا کہ اگر موقع کے گواہ نہ بھی ہوں سپریم کورٹ کی ایسکیسز میں اتھارٹی موجود ھے کہ متاثرہ کا بیان ہی کافی ہے جبکہ وہ کم سن اور معصوم ھے۔ دونوں سائیڈ کے دلائل سننے کیبعد فاضل عدالت نے مذکورہ سزا سنائی۔

شہر بھر میں کم وزن روٹی ونان کی زائد قیمت فروخت جاری۔ ضلع انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹیوں نے عوام کو ناجائز منافع خور تندور و ہوٹل مالکان کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا

قصور (محمد انیس بھٹی سے) شہر بھر میں کم وزن روٹی ونان کی زائد قیمت فروخت جاری۔ ضلع انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹیوں نے عوام کو ناجائز منافع خور تندور و ہوٹل مالکان کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا۔ عوام نے دہائیاں دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب سے فوری نوٹس لے کر بااثر ناجائز منافع خوروں کے خلاف کارروائی اور تحصیل پرائس کمیٹیوں کو فعال بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔ تفصیل کے مطابق قصور ضلع شہر بھر میں دیگر علاقوں میں تندور اور ہوٹل مالکان نے نان وروٹی کے من مرضی کے ریٹس مقرر کر کے وصول کرنا شروع کر رکھے ہیں جبکہ روٹی اور نان کے مقررہ وزن 100 گرام کی بجائے 60 سے 70 گرام اور روٹی کی قیمت 20 روپے، اسی طرح نان کی قیمت بھی 25 سے 30 روپے وصول کی جا رہی ہے۔ ضلع انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹیاں بااثر تندور و ہوٹل مالکان کے سامنے بے بس نظر آتی ہیں اور عوام کو ناجائز منافع خور تندور و ہوٹل مالکان کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ایک طرف سے تو ہماری دیہاڑی اجرت بہت کم ہے اور اوپر سے مہنگائی غریب عوام جب اپنا اور اپنے بچوں کا پیٹ بھرنے کیلئے نان وروٹی خریدنے کیلئے تندوروں کا رخ کرتے ہیں تو یہ تندور و ہوٹل مالکان دونوں ہاتھوں سے عوام کو لوٹ رہے ہیں۔ روٹی ونان کا وزن بھی کم ہوتا ہے جبکہ اس کی من مرضی کی قیمت بھی وصول کی جا رہی ہے، ان کو کوئی پوچھنے والا نہیں ہے۔ اگر ان سے ریٹس اور وزن کے متعلق شکایت کریں تو یہ بدتمیزی اور بدمعاشی پر اتر آتے ہیں۔ لگتا ہے ضلع انتظامیہ ان کے سامنے بلکل بے بس ہو چکی ہے جو ان کی طرف سے فروخت کیے جانے والے نان وروٹی کے ریٹس اور وزن کو چیک نہیں کرتی ہے۔ عوام نے دہائیاں دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب سے فوری نوٹس لے کر بااثر ناجائز منافع خوروں کے خلاف کارروائی اور ضلع پرائس کمیٹیوں کو فعال بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔

الیکشن کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ ضابطہ اخلاق پر عمل درآمد کے لیے پولیس آفیسرز واہلکاروں کی ڈیوٹیاں لگا دی گئی

سرائے عالمگیر (نامہ نگار) الیکشن کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ ضابطہ اخلاق پر عمل درآمد کے لیے پولیس آفیسرز واہلکاروں کی ڈیوٹیاں لگا دی گئی ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید اسد مظفر کی خصوصی ہدایات پر حلقہ پی پی 32 میں 21 اپریل کو ہونے والے ضمنی انتخابات کے موقع پر الیکشن کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ ضابطہ اخلاق پر من وعن عملدرآمد کے لیے ڈیڑھ ہزار کے قریب پولیس افسران واہلکاروں کی ڈیوٹیاں لگا دی گئی ہیں یہ بات ایس پی انوسٹیگیشن مہر ریاض احمد ناز نے صحافیوں کو بتائی انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن کے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر زیرو ٹالرنس پالیسی ہے پر امن ضمنی انتخابات کے انعقاد کے لیے تمام تر انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں اس سلسلہ میں ایلیٹ فورس سپیشل برانچ ٹریفک پولیس کیساتھ لیڈیز پولیس بھی تعینات کی جائے گی۔

پنجاب بار کونسل کی کال پر آج سرائے عالمگیر بار ہڑتال کریگی پنجاب بار کونسل کی کال پر تحصیل بار ایسوسی ایشن سرائے عالمگیر میں آج مکمل ہڑتال کی جائے گی

سرائے عالمگیر (نامہ نگار) پنجاب بار کونسل کی کال پر آج سرائے عالمگیر بار ہڑتال کریگی پنجاب بار کونسل کی کال پر تحصیل بار ایسوسی ایشن سرائے عالمگیر میں آج مکمل ہڑتال کی جائے گی صدر بار ایسوسی ایشن چوہدری ثاقب رفیق ایڈووکیٹ کے مطابق وکلا کے خلاف آئے روز مقدمات کے اندراج کے خلاف آج بھی ہڑتال ہو گی انہوں نے کہا کہ 29 اپریل کو ہونے والے فل کورٹس اجلاس سے بڑی امیدیں وابستہ ہیں۔

(فطرت انسان اور حیات انسان)



چوہدری محمد امین گورایہ نمبردار

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر

یہ انسانی فطرت عجب ہے خدایا
کہ جو دور گزرا وہی دل کو بھایا
جوانی میں اسکول دفتر میں کالج
ضعیفی میں دفتر بڑا یاد آیا
مزاج بشر میں تغیر سمایا
کبھی آدمی مطمئن ہو نہ پایا
کہیں شام گزری، کہیں رات کاٹی
سفر در سفر زندگی کو بتایا
یہ جیون ہے سانسوں کی اک ریل گاڑی
یہ دنیا ہے چلتے مسافر کا سایا
جہاں تھک گئے شام کی چارپائی لی
سرائے میں سوئے تو ہوٹل میں کھایا
یہ گندم کی روٹی کے چند ایک لقمے
انہی کے لیے آدمی نے کمایا
یہ مصروف شہروں کی مشغول دنیا
یہاں کسب دولت نے سب کو تھکایا
گھڑی کی طرح زندگی کو چلایا
مگر وقت نے آدمی کو ہرایا
بھلے ہیں بہت گاؤں کے کچے رستے
وہ گیہوں کے کھیت اور درختوں کا سایا
وہ لسی، وہ سرسوں کا ساگ اُس پہ مکھن
دُھلے ہاتھ نہروں سے، کھیتوں میں کھایا
یہ شہروں کی دنیا عجب ہے خدایا
رہا ساتھ پر آدمی مل نہ پایا
سمجھنے سمجھنے میں جیون بتایا
کوئی بھی کسی کی سمجھ میں نہ آیا
میسر سے دل مطمئن ہو نہ پایا
عدم دستیابی کا ہی راگ گایا
مِلا سب کو وہ! جو نہیں چاہیے تھا
یہاں حسبِ منشاء کسی نے نہ پایا
یہ دنیا ہے وحشی درندوں کا جنگل
اصولوں سے انساں نے اس کو سجایا
مگر رسم عالم ہے قانون طاقت
توانا نے لاغر پہ سکہ جمایا
ابھی کوئی گزرا، ابھی کوئی آیا
پلٹتی ہے انساں کی دم بھر میں کایا
نہ ہے کوئی مائی، نہ ہے کوئی جایا
مرا آج بندہ ہوا کل پرایا
سبھی نے گھروں کو ارم سا بنایا
مگر چار دن صرف ڈیرا جمایا
دُکھوں کی ہے دھوپ اور سکھوں کی ہے چھایا
زمانہ سراب اور دنیا ہے مایا
یہاں آدمی مطمئن ہو نہ پایا

امام حسن کونسل کے ہفت روزہ درس امام حسن کے سلسلے میں سیدہ عائشہ صدیقہ کانفرنس اج منعقد ہو گی

گوجرانوالہ (یاسین مغل سے) امام حسن کونسل کے ہفت روزہ درس امام حسن کے سلسلے میں سیدہ عائشہ صدیقہ کانفرنس اج منعقد ہو گی صدارت صاحبزادہ پیر ناصر عباس نوشاہی قادری ایڈووکیٹ جبکہ مہمانان خصوصی ملک شاہد علی مفتی شفاقت علی علامہ غلام عباس قادری محمد طارق گجر ایڈووکیٹ ودیگر ہونگے تفصیلات کے مطابق امام حسن کونسل پاکستان کے ہفت روزہ درس امام حسن علیہ السلام کے سلسلے میں شان حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ سلام اللہ علیہا کانفرنس آج مورخہ 18 اپریل 2024 بروز جمعرات بعد نماز عشا بمقام مرکزی سیکرٹریٹ امام حسن کونسل پاکستان بالمقابل گلی نمبر 08 ملتانی کالونی بازار باغبانپورہ لاہور میں منعقد ہو گی کانفرنس کی صدارت امام حسن کونسل پاکستان کے مرکزی چیئرمین وگدی نشین دربار عالیہ حضرت پیر محمد یار بھٹی نوشاہی قادری المعروف بابا مالی شاہ سرکار رحمۃ اللہ علیہ صاحبزادہ پیر ناصر عباس نوشاہی قادری ایڈووکیٹ کریں گے جبکہ مہمانان خصوصی ملک شاہد علی مفتی شفاقت علی ہدمی مہتمم جامعہ ابو ہریرہ چائنا سکیم لاہور علامہ غلام عباس قادری مرکزی جوائنٹ سیکرٹری علامہ غلام عباس قادری جنرل سیکرٹری لاہور ڈویژن محمد طارق گجر ایڈووکیٹ جنرل سیکرٹری ضلع لاہور محمد امیر حمزہ صدر ملتانی کالونی ڈاکٹر شاہد محمود جنرل سیکرٹری ملتانی کالونی محمد افضل صدر اسلام پورہ محمد اکرم شہزاد صدر فاروق پارک محمد اسامہ اشفاق ودیگر ہونگے کانفرنس کے اختتام پر لنگر امام حسن کا اہتمام کیا جائے گا کانفرنس میں علما کرام مشائخ عظام اور کارکنان امام حسن کونسل پاکستان کی کثیر تعداد شرکت کرے گی

بنیادی مرکز صحت بڈھا گورائیہ کا سکول ہیلتھ اینڈ نیوٹریشن سپروائزر عرصہ دراز سے ڈیوٹی سے فرار

چیف ایگزیکٹو آفیسر
ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی
گوجرانوالہ
Health & Education Times

گوجرانوالہ (عظمی شاہین سے) چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی گوجرانوالہ نے سیکرٹری ہیلتھ پنجاب کے آرڈر ہوا میں اڑا دیے، چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی گوجرانوالہ کی ملی بھگت سے بنیادی مرکز صحت بڈھا گورائیہ کے سکول ہیلتھ اینڈ نیوٹریشن سپروائزر کامران احمد کی عارضی تعیناتی تاحال منسوخ نہ ہو سکی، تفصیلات کے مطابق بی ایچ یو بڈھا گورائیہ کے سکول ہیلتھ اینڈ نیوٹریشن سپروائزر نے سیکرٹری ہیلتھ کے احکامات کو جوتے کی نوک پر رکھتے ہوئے لکشمی کی چمک سے عارضی ڈیوٹی لگوا کر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس میں گھسا ہوا ہے اور ماہانہ تنخواہ اور ہیلتھ سیکٹر کی مد میں کروڑوں روپے حکومت پنجاب کے خزانہ کو چونا لگا رہا ہے، جبکہ سیکرٹری ہیلتھ نے تمام سی ای اوز ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی کو احکامات جاری کیے ہیں کہ ہیلتھ اینڈ نیوٹریشن سپروائزرز کی عارضی ڈیوٹی فوری کینسل کر کے انہیں انکی جائے تعیناتی پر بھجوایا جائے، تاکہ سرکاری اور پرائیوٹ سکول کے بچے ہیلتھ کی تعلیم سے محروم نہ رہ سکیں، کامران احمد ہیلتھ اینڈ نیوٹریشن سپروائزر کا کہنا ہے کہ میرا سیاسی لوگوں سے تعلق بے شمار ہے کوئی چاہ کر بھی میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتا، یونین کونسل بڈھا گورائیہ کے عوامی سماجی حلقوں نے وزیر اعلی پنجاب، چیف سیکرٹری پنجاب، صوبائی وزیر ہیلتھ پنجاب، سیکرٹری ہیلتھ پنجاب، ڈی جی ہیلتھ پنجاب اور کمشنر/ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ سے سکول ہیلتھ اینڈ نیوٹریشن سپروائزرز کو فوری انکی جائے تعیناتی پر بھجوانے اور ہیلتھ سیکٹر کی مد میں لوٹے گئے کروڑوں روپے کی ریکوری بھی کروانے کا مطالبہ کیا ہے۔

جماعت اسلامی سٹی سرگودھا کا اجلاس، منصوبہ عمل پر عملدرآمد کرنے کی منصوبہ بندی کر لی گئی۔

سرگودھا (رانا اسلم شاہین سے) جماعت اسلامی سٹی سرگودھا کا اجلاس، منصوبہ عمل پر عملدرآمد کرنے کی منصوبہ بندی کر لی گئی۔ تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز جماعت اسلامی سٹی سرگودھا کے ذمہ داران کا خصوصی اجلاس امیر شہر اختر رسول چوہدری کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں امیر ضلع مولانا فضل الٰہی نے خصوصی شرکت کی۔ اجلاس میں منصوبہ عمل کی روشنی میں پلاننگ پر ڈسکشن کی گئی۔ جس میں فیصلہ کیا گیا کہ صراط مستقیم۔ سعادت مند۔ رمضان کوئز کے ونرز کے انعامات اور امراء وقیمین کا ماہانہ اجلاس 28 اپریل کو ہو گا۔ اس کے ساتھ تمام مقامی امراء وقیمین قرآن فہمی کو عام کرنے کیلئے ماہانہ عوامی دروس قرآن کو یقینی بنائینگے۔ مزید برآں 5 مئی تک اپریل کی سرگرمیاں ہونگی اور تمام سرگرمیاں تنظیم کے پھیلاؤ اور افرادسازی کو مدنظر رکھ کر ترتیب دی جائینگی اس کے علاوہ ڈسٹرکٹ بار۔ چیمبرز۔ ڈاکٹرز صاحبان کیساتھ القدس کانفرنس۔ الخدمت اور جماعت کی دعوت پھیلانے کے حوالے سے خصوصی سیمینار منعقد کرنے کی کوشش کی جائیگی۔ اجلاس میں یہ فیصلہ بھی کیا گیا کہ یوتھ کے کام کو منظم اور مربوط بنانے کیلئے صدر شہر تجاویز دیں جس پر نظم شہران کی بھرپور سپورٹ کریگا۔ مزید برآں امیدواران کے لیے چار ماہ (آٹھ پروگرامات) پر مشتمل پروگرام کو ترتیب دیا جا رہا ہے جسے جلد شیر کر کے علی عبدالرحمان صاحب کی قیادت میں عملی جامہ پہنایا جائیگا۔

ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ افیسر جڑانوالہ اور عطائیوں کے درمیان بلی چوہے کا کھیل جاری

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) فیصل آباد کی ضلع نما تحصیل جڑانوالہ میں عطائیت کا راج قائم زورشور سے کرپشن کرنے والا ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ افیسر نے نوٹوں والی پٹی آنکھوں پر بند کر جڑانوالہ والے کے عطائیوں کو انسانی زندگیوں کے ساتھ کھیلنے کی سرعام اجازت دے رکھی ہے ذرائع کے مطابق ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ افیسر جڑانوالہ نے عیدی اکٹھی کرنے کے لیے پرائیویٹ بندوں کا سہارا لیا جڑانوالہ کے عطائیوں کو تنگ کرنا شروع کیا ہوا تھا فی عطائی سے پانچ سات اور 10 ہزار روپے کی عیدی اکٹھی کی گئی ہے ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر علی محمد کو کرپشن کا کنگ مقرر کیا گیا ھے اس کا سیٹ پر بیٹھنا حیران کن بات ہے ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ افیسر جڑانوالہ نے سیکٹری پرائمری اینڈ سیکنڈری کو ماموں بنا لیا ہے ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر جڑانوالہ کا کہنا کہ میرے ہوتے ہوئے جڑانوالہ کے ہر عطائی کو سرعام انسانی زندگیوں کے ساتھ کھیلنے کی اجازت ہے جڑانوالہ کی سماجی شخصیات نے کمشنر فیصل آباد ڈپٹی کمشنر فیصل آباد اور سی ای او ہیلتھ فیصل آباد سے نوٹس لینے کا پرزور مطالبہ کیا ہے

فیصل آباد کوآپریٹوز ریلوے ہاؤسنگ سوسائٹی میں کروڑوں روپے کا گھپلا

فیصل آباد (شفاقت علی راجپوت) فیصل آباد کے محکمہ کوآپریٹو ریلوے ہاؤسنگ سوسائٹی میں اندھیر نگری چوپٹ راج قائم ہو گیا اسسٹنٹ رجسٹرار نوید عباس ملی نے غیر قانونی الاٹمنٹس کرا کر اپنی حرام کمائی میں مزید اضافہ کر لیا ہے ماضی قریب میں سو ساں روڈ پر ریلوے کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کے 10 مرلہ پلاٹ نمبر 88A کی ایکسچینج کر جھمرہ روڈ پر پلاٹ نمبر 169 کی الاٹمنٹ کی گ ء جو مین تاروں کے نیچے ہونے کی وجہ سے خریدا نے ناپسندیدگی ظاہر کی تو نڈر صاحب بہادر اسسٹنٹ رجسٹرار نوید عباس ملی نے بھاری نذرانہ لے کر B 80 دو نمبری کر الاٹمنٹ کر دی جب کہ 80 بی کھاتے میں طالب حسین نامی شخص کے نام پر درج ہے عرصہ دراز سے ایک سیٹ پر تعینات ہونے والے اسسٹنٹ رجسٹرار نوید عباس ملی نے کروڑوں روپے کا ڈیکار مار لیا چند پیسوں کی خاطر اپنا ایمان بیچ دیا ہے غیر قانونی الاٹمنٹ کو منسوخ کرنے کی بجائے ایک ہی بندے کو من پسند الاٹمنٹ کی جا رہی ہے موصوف محکمہ کے لئے ایک کماؤ پت کا کردار ادا کر رہا ہے اور ساتھ میں کہتا ہے میں اپنا نزرانہ اوپر تک اعلی آفیسران تک پہنچاتا ہوں اسسٹنٹ رجسٹرار نوید عباس ملی کی ٹرانسفر محکمہ کے لئے ناگزیر ہو چکی ہے موصوف نے محکمہ میں اپنی ہی عدالت لگا کر پلاٹس کے نمبرون پر ٹیمپرنگ کر دی ہے فیصل آباد کی سماجی شخصیات نے وزیر اعلی پنجاب، ڈائریکٹر اینٹی کرپشن پنجاب، رجسٹرار ریلوے ہاؤسنگ سوسائٹی پنجاب، سیکرٹری ریلوے ہاؤسنگ سوسائٹی پنجاب اور ڈائریکٹر اینٹی کرپشن فیصل آباد سے پرزور مطالبہ کیا اسسٹنٹ رجسٹرار نوید عباس ملی کے خلاف غیر جناب انکوائری جرم ثابت ہونے پر فوری طور پر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے

چشتیاں شہر فرید چشتیاں پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے تین منشیات فروشوں کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا

چشتیاں شہر فرید چشتیاں پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے تین منشیات فروشوں کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے انکے قبضہ سے 78 لیٹر شراب دیسی اور 1160 گرام چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق بونگہ چوک پر موجود صدام عرف صدامی کے قبضہ سے 1160 گرام چرس بستی پیر قاسم شاہ کے قبرستان کے قریب سے عبدالغنی ولد محمود بھاکری کے قبضہ سے 38 لیٹر شراب دیسی، موضع بدانہ شرقی کے قریب منشیات فروش رجب علی ولد فیض احمد کے قبضہ سے 40 لیٹر شراب دیسی برآمد کر کے تینوں ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔

میاں محمد وقاص حیدر کاٹھیہ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ لاہور سابق فنانس سیکرٹری بار تحصیل شورکوٹ جو کہ رمضان شریف میں عمرہ کی ادائیگی کے لیے تشریف لے گئے

جھنگ (اجمل حسین بلوچ) میاں محمد وقاص حیدر کاٹھیہ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ لاہور سابق فنانس سیکرٹری بار تحصیل شورکوٹ جو کہ رمضان شریف میں عمرہ کی ادائیگی کے لیے تشریف لے گئے تھے اب بعد 15 اپریل کو واپس شورکوٹ پہنچ گئے ہیں اور واپس تشریف لا کر اب انہوں نے اپنے چیمبر میں بیٹھنا شروع کر دیا ہے اور دوبارہ اپنی پریکٹس شروع کر دی ہے اس پُرمسرت موقعہ سابق صدر بار جھنگ فضل الرحمان جوئیہ چوہدری مبشر عباس وڑائچ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ لاہور سینئر صحافی جھنگ ممبر ڈسٹرکٹ پریس کلب جھنگ اجمل حسین خان بلوچ سابق ڈسٹرکٹ فوڈ انسپکٹر جھنگ سید ناصر علی شاہ اے۔ ڈی۔ ایل۔ آر شورکوٹ غلام حسین کاٹھیہ نے میاں محمد وقاص حیدر کاٹھیہ ایڈووکیٹ کو مبارک باد دیتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

تعلیمی بورڈ سرگودھا کے زیر اہتمام انٹرمیڈیٹ کے سالانہ امتحانات میں قواعد وضوابط کا ہر حال میں خیال اور تمام امیدواران کو پرسکون اور صاف شفاف ماحول مہیا کیا جائے

سرگودھا (بیورو چیف رانا اسلم شاہین) تعلیمی بورڈ سرگودھا کے زیر اہتمام انٹرمیڈیٹ کے سالانہ امتحانات میں قواعد وضوابط کا ہر حال میں خیال اور تمام امیدواران کو پرسکون اور صاف شفاف ماحول مہیا کیا جائے، ڈپٹی کمشنر سرگودھا، تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز تعلیمی بورڈ سرگودھا کے زیر اہتمام انٹرمیڈیٹ کے پہلے سالانہ امتحان 2024 کے انعقاد کے لیے تمام میل/فی میل ریذیڈنٹ انسپکٹرز/ڈسٹری بیوٹنگ انسپکٹرز/سپرنٹنڈنٹس اور ڈپٹی سپرنٹنڈنٹس کے لیے گورنمنٹ جامع گرلز ہائی سکول میں بدھ کے روز ایک تربیتی ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا جس میں ضلع بھر کے میل/فی میل ڈسٹری بیوٹنگ انسپکٹرز/ریذیڈنٹ انسپکٹرز/سپرنٹنڈنٹس/ڈپٹی سپرنٹنڈنٹس نے شرکت کی۔ ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ شعیب علی نے اس بات پر زور دیا کہ قواعد وضوابط کا ہر حال میں خیال اور تمام امیدواران کو پرسکون اور صاف شفاف ماحول مہیا کیا جائے۔ انہوں نے ریذیڈنٹ انسپکٹرز پر زور دیا کہ وہ کسی بھی شخص کو موبائل فون امتحانی مراکز کے اندر لے کر جانے کی اجازت نہ دیں نیز امیدواران اور عملے کے لیے ٹھنڈے پانی اور بجلی کا مناسب انتظام کریں، کسی بھی غیر متعلقہ شخص یا امیدوار کے عزیز واقارب کو دوران امتحان امتحانی سنٹر کے قریب نہ آنے دیا جائے۔ انہوں نے تمام ڈسٹری بیوٹنگ انسپکٹرز کو ہدایت کی وہ سوالیہ پرچوں والے لفافے سپرنٹنڈنٹس کے حوالے کرتے وقت ڈیٹ شیٹ سیشن مضمون کوڈ اور گروپ کو بغور چیک کریں تاکہ غلط پرچہ نہ کھلے۔ انہوں نے سپرنٹنڈنٹس اور ڈپٹی سپرنٹنڈنٹس کو ہدایت کی کہ وہ انتہائی فرض شناسی اور ایمانداری سے بلا خوف وخطر امتحان لیں، کسی قسم کی غلط کاری میں ملوث نہ ہوں، ہر امیدوار کو اس کی تیاری کے مطابق امتحان دینے کا موقع دیں، نہ کسی سے زیادتی کریں اور نہ کسی کو ناجائز فائدہ پہنچائیں، کوئی بھی خلاف قانون بات چاہے جو شخص بھی کہے اس کی تعمیل کرنے سے صاف انکار کر دیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ سوالیہ پرچوں والے لفافوں کو کسی صورت وقت مقررہ سے پہلے نہیں کھولنا اور پیپر کھلنے کے بعد کسی امیدوار کو امتحانی سنٹر میں داخل نہیں ہونے دینا۔ اس موقع پر سیکرٹری اور کنٹرولر امتحانات سمیت دیگر بورڈ افسران بھی موجود تھے۔

الحمدُللہ (فنانس سیکرٹری) winningالیکشن 2024-25 پیرمحل کلرک بار ایسوسی ایشن پیرمحل

شہر کے کونے کونے کو چمکانے اور ویسٹ فری بنانے کے لیے ایل ڈبلیو ایم سی کی آپریشن ٹیمیں لاہور کے مضافاتی علاقوں میں بھی متحرک ہے

سائیں آٹا چکی

لاہور (سٹاف رپورٹر سے) شہر کے کونے کونے کو چمکانے اور ویسٹ فری بنانے کے لیے ایل ڈبلیو ایم سی کی آپریشن ٹیمیں لاہور کے مضافاتی علاقوں میں بھی متحرک ہے۔ نشتر ٹاؤن اور واہگہ ٹاؤن میں 39 بڑے اوپن پلاٹس کو ہیوی مشینری کی مدد سے کلیئر کیا گیا۔ سی ای او بابر صاحب دین کا کہنا ہے کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ہر ہر گلی محلے کو زیرو ویسٹ کیا جا رہا ہے جبکہ دیہی یونین کونسلز میں لوڈریز اور ٹریکٹر ٹرالیز کی مدد سے خصوصی اوپن پلاٹس کی کلیئرنس ایکٹیویٹی کا سلسلہ بھی تیزی سے جاری ہے گزشتہ 24 گھنٹے میں ایل ڈبلیو ایم سی کی آپریشن ٹیموں نے 4400 ٹن کچرا لکھوڈیر لینڈ فل سائٹ تک پہنچایا۔ ترجمان ایل ڈبلیو ایم سی عمر چوہدری کے نواحی علاقوں نواحی علاقوں مطابق نواحی علاقوں عمر ٹاؤن، نشتر ٹاؤن، شاداب کالونی، کاہنہ، گجومتہ میں اوپن پلاٹس کی کلیئرنس کا سلسلہ جاری ہے جبکہ واہگہ ٹاؤن، جلو پنڈ، تاج گڑھ، ہانڈو میں صفائی ٹیمیں تعینات ہیں۔ مزید برآں ایل ڈبلیو ایم سی افسران اور آپریشن ٹیمیں تینوں شفٹوں میں فیلڈ میں متحرک ہیں۔ تمام ٹاؤن مینیجرز کو فیلڈ میں خود موجود رہ کر صفائی آپریشن کی نگرانی کرنے کی ہدایت کر دی گئی ہے۔ لاہوریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کیلئے تمام ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ سی ای او ایل ڈبلیو ایم سی نے شہریوں سے بھی گزارش کی ہے کہ کچرا اور عمارتی ملبہ اوپن پلاٹس میں پھینکنے سے گریز کریں۔ صفائی سے متعلق شکایات کے فوری ازالے کے لیے ایل ڈبلیو ایم سی کی ہیلپ لائن 1139 پر رابطہ کریں یا سوشل میڈیا کا استعمال کریں۔

کمشنر سرگودھا نے محکمانہ واجبات کی وصولی میں ناقص کارکردگی پر پانچ ریکوری اہلکاروں کو معطل

سرگودھا (بیورو چیف) کمشنر سرگودھا نے محکمانہ واجبات کی وصولی میں ناقص کارکردگی پر پانچ ریکوری اہلکاروں کو معطل جبکہ تمام بلڈنگ وربنٹ انسپکٹرز اور اکاؤنٹنٹ کو وارننگ دیتے ہوئے ایک ہفتہ میں اپنی کارکردگی بہتر بنانے کی ہدایت کر دی۔ کمشنر سرگودھا محمد اجمل بھٹی نے تنبیہ کرتے ہوئے کہا کہ صورتحال اسی طرح رہی تو اکاؤنٹنٹ کو سرینڈر کر دیا جائے گا۔ انہوں نے اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر دو ریکوری اہلکاروں کو تعریفی سرٹیفکیٹ دینے اور ایک کی ترقی کا حکم دیا۔ وہ بدھ کے روز اپنے کانفرنس روم میں میونسپل کارپوریشن کی تمام برانچوں کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ اجلاس میں سی او ایم سی نے ہر برانچ کی کارکردگی کی تفصیلات پیش کیں۔ کمشنر نے پانی وسیوریج کے بلز ادا نہ کرنے والے صارفین کے کنکشن منقطع کرنے، غیر قانونی تعمیرات وکنکشن کرنے والوں کے خلاف ضابطہ کی کارروائی کرنے اور ان کے خلاف مقدمات درج کروانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے ہر بلڈنگ انسپکٹر کی انفرادی کارکردگی رپورٹ بھی طلب کرتے ہوئے واضح کیا کہ ناقص کارکردگی کے حامل بلڈنگ وربنٹ انسپکٹرز کو بھی سرینڈر کر دیا جائے گا۔ کمشنر نے تجاوزات کے خلاف آپریشن کو ایک بار پھر بھرپور انداز میں شروع کرنے کے ساتھ شہر سے مویشیوں کے انخلا کے لیے ایم اور یگولیشن کو ٹائم لائن دینے کا بھی حکم دیا۔ انہوں نے کہا کہ فٹ پاتھ پر تجاوزات کے خلاف زیرو ٹالیرنس پالیسی پر سختی سے عمل درآمد کروایا جائے۔ اسی طرح دکانوں کے سامنے لگے چھجے اور ترچھے اور غیر منظور شدہ اشتہاری بورڈ فوری ہٹانے کا حکم دیا۔ اجمل بھٹی نے وال چاکنگ کا فوری سد باب کرنے اور ذمہ داروں کے خلاف ضابطہ کی کارروائی کی ہدایت کی۔ انہوں نے بغیر اجازت کے گلیاں وسڑکیں توڑنے والوں کے خلاف بھی سخت کارروائی کی ہدایت کی۔ اجلاس میں کمشنر وایڈمنسٹریٹر نے ایم سی کی دکانوں کے کرایوں اور مختلف ٹھیکہ جات کی ریکوری کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی کہ سو فیصد وصولی یقینی بنانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم سی کے افسران وفیلڈ سٹاف کا ہر ہفتے اجلاس طلب کر کے ان کی انفرادی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے گا جس میں جزاء وسزا کا تعین بھی کیا جائے گا۔

اختیارات سے تجاوز کرنیوالے عناصر کی محکمہ میں کوئی جگہ نہیں، سی سی پی او

بیرون ملک فرار اشتہاری مجرمان کی گرفتاریوں کیلئے تمام قانونی کارروائیاں جلد مکمل کرنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) سربراہ لاہور پولیس بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت کیپٹل سٹی پولیس ہیڈ کوارٹرز میں سول لائنز اور اقبال ٹاؤن ڈویژنز کی کارکردگی سے متعلق اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں دونوں ڈویژنز کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ سی سی پی او نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق خواتین اور بچوں سے متعلقہ جرائم کی روک تھام کیلئے موثر اقدامات کی ہدایت کی۔ انہوں نے فیلڈ افسران کو صنفی جرائم سے متعلقہ کیسز پر زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنانے کے احکامات جاری کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ خواتین اور بچوں سے ظلم و تشدد کے واقعات کی روک تھام لاہور پولیس کی ترجیحات میں شامل ہے۔ بلال صدیق کمیانہ نے واضح کیا کہ اختیارات سے تجاوز کرنے والے عناصر کی محکمہ پولیس میں کوئی جگہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایس ڈی پی اوز کی ناقص کارکردگی پر ایس پیز بھی جوابدہ ہیں

چیف ایڈیٹر: مسز راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر وپبلشر اصغر علی جٹ نے مسافت پرنٹرز سے چھپوا کر آٹو سنٹر 108 لٹن روڈ لاہور سے شائع کیا
رابطہ نمبر۔ 0320-1420226